© rasailojaraid.com

# ضروری اعلان

محدث اعظم، محقق العصر، ترمذی وقت، شیخ الحدیث والتفسیر

## حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی

رحمہ اللہ تعالی و أعلی درجاتہ فی دار السلام

کی سوانح حیات ترتیب دینے کیلئے ہمیں آپ حضرات کا تعاون درکار ہے۔ اس سلسلے میں تمام قارئین سے بالعموم اور حضرت شیخؒ کے تلامذہ واحباب سے بالخصوص یہ گزارش ہے کہ اگر آپ کے پاس حضرت شیخؒ کی کوئی تحریر، واقعہ، خواب، اشعار، دوران درس کی کوئی بات، خط، مضمون یا ان سے متعلقہ کسی کی بھی تحریر یا اشعار وغیرہ ہوں تو ہمیں ذیل میں دیئے گئے پتے پر ارسال فرمادیں۔ خط میں اپنا نام پتہ اور مختصر تعارف بھی ضرور تحریر فرمائیں۔

امید ہے تمام حضرات، حضرت شیخؒ کا حق سمجھتے ہوئے ہمیں اپنے مفید مشوروں سے بھی نوازیں گے تاکہ اس عظیم المرتبت علمی و روحانی شخصیت کی سوانح حیات شایانِ شان طریقے سے ترتیب دی جاسکے اور ہمارے لئے بھی دعا فرماتے رہیں گے کہ اللہ ہم تمام برادران سے بھی دین کا کام لیتا رہے اور والد محترمؒ کی دو صد سے زائد تصانیف کی احسن طریقے سے طباعت کی توفیق بھی دے۔

**نوٹ**۔ والد محترمؒ کے تلامذہ سے خصوصی درخواست ہے کہ ان کے پاس اگر حضرت شیخؒ سے پڑھی ہوئی کسی بھی کتاب کی کوئی درسی تقریر موجود ہو تو اس کی ایک عدد نقل ہمیں بھی ضرور ارسال فرمائیں۔ ان شاء اللہ انہیں بھی طبع کروایا جائیگا۔ جزاکم اللہ أحسن الجزاء۔

طالب دعا

عبد ضعیف محمد زبیر روحانی بازی استاذ الفنون، جامعہ اشرفیہ
ابن شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد موسیٰ روحانی بازی رحمہ اللہ تعالی
مکان نمبر ۴ جامعہ اشرفیہ فیروز پور روڈ لاہور ۵۴۶۰۰
فون نمبر ۷۵۸۱۶۸۱- (۰۴۲)

© rasailojaraid.com